رضی اللہ تعالیٰ عنہما مرفوعاً، اسی مراد پر ایک واضح دلیل یہ بھی ہے کہ مال کا استیصال صرف نفقہ ہی سے ہوسکتا ہے، زکوٰۃ سے استیصال نہیں ہوسکتا، فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۲ر جمادی الآخرہ ۹۹ھ

مالِ زکوٰۃ میں اُس مقام کی قیمت معتبر ہوگی جہاں مال ہے:

سوال: ادائیگیِ زکوٰۃ میں مالِ زکوٰۃ کی قیمت جہاں مزکی ہے وہاں کی معتبر ہوگی یا جہاں مال موجود ہو؟ اسی طرح حولانِ حول کے متعلق بھی وضاحت فرمائیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

جہاں مال موجود ہو وہاں کی قیمت معتبر ہوگی، قال فی شرح التنویر ویقوم فی البلد الذی المال فیہ ولو فی مفازۃ ففی اقرب الامصار الیہ فتح، وفی الشامیۃ فلو بعث عبد للتجارۃ فی بلد آخر یقوم فی البلد الذی فیہ العبد، بحر (قولہ ففی اقرب الامصار الیہ) ای الی المفازۃ وذکر الضمیر باعتبار الموضع وعبارۃ الفتح الی ذلک الموضع، قال فی البحر فی الباب الآتی وھذا اولی مما فی التبیین من انہ اذا کان فی المفازۃ یقوم فی المصر الذی یصیر الیہ (رد المحتار ص۲۴ ج۲ باب زکوۃ الغنم)

حولانِ حول سے متعلق کوئی خاص جزئیہ نہیں ملا، رد المحتار کی عبارتِ ذیل سے ایک کلیہ معلوم ہوا جس سے معلوم ہوتا ہے کہ حولانِ حول بھی وہاں کا معتبر ہوگا جہاں مال موجود ہو، (قولہ وکرہ نقلھا ای من بلد الی بلد آخر (الی قولہ) ویعتبر فی الزکوٰۃ مکان المال فی الروایات کلھا واختلف فی صدقۃ الفطر کما یأتی (رد المحتار ص۹۳ ج۲ باب المصرف) فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۲ر صفر ۱۴۰۰ھ